# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 15 August 2026**

**Time : 07:40 / PM**

**Opening**

••••••••••••••••••••••••••

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

••••••••••••••••••••••••••

ہیڈ لائنز

۱۔۔۔۔ ملک بھر میں 80 ویں یوم آزادی کے جشن کی دھوم // وزیر اعظم نریندر مودی نے لال قلعے کی فصیل پر پھیرایا قومی پرچم۔

۲۔۔۔۔ سرکار جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ اور آئینی ضمانتوں کی بحالی کیلئے پُر عزم // بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں یوم آزادی کی تقریب سے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا خطاب۔

۳۔۔۔۔ کشتواڑ میں المناک سڑک حادثے میں 5 افراد از جان // لیفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کا اظہار افسوس۔

اور

۴۔۔۔۔ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز۔

PM

قوم آج حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایان شان طریقے پر اپنا 80 واں یوم آزادی منارہی ہے۔ جشن آزادی کے سلسلے میں پورے ملک میں خصوصی تقاریب کا اہتمام رہا اور ملکی سطح کی سب سے بڑی تقریب آج نئی دلی کے تاریخی لال قلعے پر منعقد ہوئی جہاں وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی پرچم پھیرایا۔ اس سے پہلے وزیر عظم نے راج گھاٹ جا کر وہاں بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت ادا کیا۔ اس کے بعد وزیر اعظم لال قلعہ پہنچے جہاں ان کا والہانہ استقبال کیا گیا۔

اس سال کی یوم آزادی کی تقریب کی خاص بات یہ رہی کہ اس تقریب پر پہلی مرتبہ قومی گیت وندے ماترم پیش کیا گیا۔

----Vande-----

ترنگا پھیرانے کے بعد وزیر اعظم نے لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کیا۔

-------PM Byte ------

انہوں نے کہا کہ پچھلے 12 برسوں کے دوران ملک کے کروڑوں شہریوں کی محنت اور لگن سے بھارت ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کاوشوں کی بدولت 25 کروڑ لوگوں کو غربت کے دائرے سے باہر لایا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت نے دنیا کی تیزی سے ابھرنے والی معیشتوں کی فہرست میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے 2047 تک وکست بھارت کا ہدف حاصل کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے۔

یوم آزادی

اِدھر جموں کشمیر میں بھی آج یوم آزادی کی تقریبات پورے جوش و جزبے کے ساتھ منائی جارہی ہیں۔ یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پریڈ کا معائینہ کر کے قومی ترنگا پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ نے ملک کی جدوجہد آزادی میں اپنی جانوں کا ندرانہ پیش کرنے والوں کو خراج عقیدت ادا کیا۔ انہوں نے جمہوریت اور وفاقیت کو ملک کی دو بڑی طاقتیں قرار دیتے ہوئے ان کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی حکومت جموں کشمیر کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے اور اس کا ریاستی درجہ بحال کرنے کی وعدہ بند ہے۔

-------(CM)----------

اس موقعہ پر رنگا رنگ تمدنی پروگرام بھی پیش کئے گئے۔

-------(**Cultural 1** )-----------

اس سے پہلے وزیر اعلیٰ نے سرینگر میں بلیدان ستمبھ پر حاضری دیکر وہاں شہیدوں کو پھولوں کا خراج ادا کیا۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ان کی بہادری، حب الوطنی اور عظیم قربانیاں آنے والی نسلوں کیلئے ہمیشہ مشعل راہ رہیں گی۔

ایل جی

اسی دوران لوک بھون سرینگر میں بھی جشن آزادی کے سلسلے میں ایک پُر وقار تقریب منعقد ہوئی جہاں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ترنگا پھیرایا۔ انہوں نے ملک کی آزادی کی جدوجہد میں اپنی جانیں نچھاور کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں کشمیر میں دائمی امن کے قیام اور ترقی وخوشحالی کو یقینی بنانے کیلئے ہر کسی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ تقریب میں لوک بھون میں تعینات سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور دیگر عملے نے بھی شرکت کی۔

وزراء

اسی طرح کی تقاریب جموں شہر اور یوٹی کے دیگر ضلع وتحصیل صدر مقامات پر بھی منعقد ہوئیں، جن میں مہمانان خصوصی نے قومی جھنڈا پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ جموں میں منعقدہ اہم تقریب میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ ان تقاریب میں جموں کشمیر پولیس، نیم فوجی دستوں، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، این سی سی کی ٹکڑیوں اور اسکولی بچوں نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں اس موقعہ پر کافی تعداد میں عام لوگ بھی موجود تھے۔ اننت ناگ میں شہید ہمایوں مزمل میموریل گورنمنٹ ڈگری کالج کھنہ بل میں کابینہ وزیر سکینہ ایتو نے قومی جھنڈا پھیرا کر سرکار کی کئی حصولیابیوں کو اُجاگر کیا۔ بارہمولہ میں کابینہ وزیر جاوید احمد ڈار// پونچھ میں کابینہ وزیر جاوید احمد رانا //کٹھوعہ میں کابینی وزیر ستیش شرما نے قومی ترنگا پھیرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

اضلاع

شمالی کشمیر کے کپواڑہ میں ضلع پولیس لائنز پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی // باڈی پورہ میں ڈپٹی کمشنر اندو کنول چب نے قومی جھنڈا پھیرایا۔گاندربل میں ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور اور بڈگام میں ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے قومی جھنڈا پھیرایا۔جنوبی ضلع کولگام میں ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم // شوپیاں میں ضلع ترقیاتی کمشنر ششر گپتا اور پلوامہ میں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم میں نے قومی ترنگا پھیرایا۔سبھی ضلع صدر مقامات اور تحاصیل میں منعقدہ **15** / اگست کی تقاریب کے موقعے پر رنگارنگ ثقافتی پروگرام پیش کئے گئے۔

-----**Cultural 2**-----

تنصیبات

اِدھر آکاشوانی سرینگر کے احاطے میں بھی یوم آزادی کی تقریب منعقد ہوئی۔اس موقعہ پر سٹیشن کے سربراہ گربند رسنگھ نے قومی جھنڈا پھیرا کر سلامی لی۔تقریب پر نیم فوجی دستوں کی ٹکڑی ،سٹیشن کے سبھی افسروں اور دیگر ملازمین نے بھی شرکت کی۔دوردرشن سرینگر کے احاطے میں ادارے کے سربراہ **H.P Meena** نے ترنگا پھیرانے کی رسم انجام دی۔ڈویژنل کمشنر کشمیر کے دفتر میں صوبائی کمشنر انشل گرگ نے // اور ہائی کورٹ کمپلیکس سرینگر میں جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس سنجیو کمار نے // اور نئی دلی میں واقع جموں وکشمیر ریذیڈنٹ کمیشن میں ایڈیشنل ریذیڈنٹ کمشنر انیل شرما نے قومی ترنگا پھیرایا۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن WAVES ، News on AIR
او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

سیاسی

بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر ترنگا پھیرایا۔انہوں نے اُن سبھی مجاہدین آزادی کو شاندارخراج عقیدت ادا کیا جنہوں نے ملک کی آزادی کیلئے اپنی جانوں کی عظیم قربانیاں پیش کیں۔اشوک کول نے ایس وَن چرچ لین میں بھی منعقدہ تقریب پر ترنگا پھیرایا۔اس موقعے پر پارٹی کے سٹیٹ جنرل سیکریٹری انورخان بھی موجود تھے۔

ادارے

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے بورڈ کی طرف سے منعقدہ تقریب پر قومی جھنڈا پھیرایا۔محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ سرینگر میں منعقدہ یوم آزادی کی تقریب پر ناظم اطلاعات ثریا سنگھل نے پرچم کشائی کی۔جموں وکشمیر بورڈ آف پروفیشنل اینٹرنس ایگزامینیشنز کی طرف سے بورڈ کے دفاتر واقع باغات برزلہ سرینگر اور باہو پلازا جموں میں یوم آزادی کی تقریبات منائی گئی۔اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ میں وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے پرچم کشائی کی۔سینٹرل یونیورسٹی کشمیر میں وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ جبکہ نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر میں انچارج ڈائریکٹر پروفیسر روحی ناز نے قومی ترنگا پھیرایا۔

ترنگا مہم

اس دوران جموں وکشمیر بھر میں ہرگھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں شدومد سے جاری ہیں۔

----Music-----

**17** اگست تک جاری رہنے والی اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے، جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک کی جدوجہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔اس سال ہرگھر ترنگا مہم کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ اس سال وندے ماترم کے **150** سال مکمل ہورہے ہیں۔

حادثہ

کشتواڑ ضلعے میں ایک المناک سڑک حادثے میں پانچ افراد جاں بحق ہوگئے ہیں۔معلوم ہوا ہے کہ یہ سانحہ ضلع کے دچھن علاقے میں پیش آیا ہے، جہاں ایک سکارپیو گاڑی صبح کے پونے گیارہ بجے سڑک سے

لڑھک کر حادثے کا شکار ہوگئی۔حادثے کی خبر پھیلتے ہی جموں وکشمیر پولیس اور مقامی لوگوں نے ریسکیو آپریشن انجام دیا، جس کے بعد پانچ افراد کی لاشیں برآمد کی گئیں۔لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اس حادثے پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کے ساتھ دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے ضلع انتظامیہ اور دیگر سینئر حکام کو، متاثرین کو فوری امداد پہنچانے کی ہدایت دی ہے۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس المناک حادثے میں قیمتی جانوں کے زیاں پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے جاں بحق ہونے والوں کے ابدی سکون کیلئے دعا کرتے ہوئے سوگواراں کے ساتھ اظہار تعزیت کیا۔

ربیع الاول

آج ہجری سال **1448** کے تیسرے مہینے غ کی پہلی تاریخ ہے اور یوں عید میلادالنبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز ہوگیا ہے۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کے دیگر خانقاہوں، مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔عید میلادالنبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاوّل یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی۔

عرس

صوفی شاعر فقیر مامہ کول آخونؒ کا سالانہ عرسِ مبارک کل، یعنی **16**/اگست بروز اتوار ڈلگیٹ، سرینگر میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا۔اس سلسلے میں محفلِ سماع کا انعقاد صبح 10 بجے سے رات 9 بجے تک ہوگا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18.5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.6** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **53** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **17** منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔